سوال

احتراماً پاؤں چھونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا احتراما کسی کے پاؤں کو چھونا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

والدین یا کسی فاضل بزرگ کی تعظیم وتوقیر لازم ہے اوران کی عزت و تعظیم کا دائرہ کار شریعت تک محدود رہنا چاہیے۔ کتاب وسنت کے دلائل والدین کے ساتھ حسن سلوک، ان کی خدمت گزاری اوران کو راحت وسکون پہنچانے کی پرزور تاکید کرتے ہیں، اسی طرح عمر رسیدہ افراد اور علما وفضلا کی عزت وتکریم کی تاکید کی گئی ہے۔ لیکن والدین اور فضلا کے سامنے دونوں ہاتھ جوڑ کر پرنام کرنا اوران کی خوشی حاصل کرنے کےلیے احتراما پاؤں چھونا یہ خالص ہندوانہ رسوم ہیں، جو کسی بھی مسلمان کو کبھی بھی زیبا نہیں دیتیں اور نبی کریم ﷺ نے غیر مسلموں کی نقالی کی سخت مذمت کی ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ ''جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ انہی میں سے ہے۔ سنن ابوداود: 4031

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث